## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن عبدالباقی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔7،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137 کے کارکن عبدالباقی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کی تحریکی خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے ضروری ہے کہ قومی اتفاق رائے پیدا کر کے ایک نکاتی ایجنڈے پر اتفاق کیا جائے،ڈاکٹر فاروق ستار
## ایم کیوایم نے جمہوریت اور پاکستان کو بچانے کے لئے جو قدم اٹھایا ہے وہ قابل تحسین ہے،جاوید ہاشمی،شاہ محمود قریشی
## لاہور کینٹ میں واقع آفس میں ایم کیوایم کے وفد کی تحریک انصاف کے رہنماؤں سے ملاقات

لاہور۔۔۔7اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں منگل کے روز ایم کیوایم کے نمائندہ وفد نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں مخدوم جاوید ہاشمی اور مخدوم شاہ محمود قریشی سے لاہور کینٹ میں واقع آفس میں ملاقات کی۔ملاقات میں موجودہ صورتحال،داخلی وخارجی خطرات،توانائی بحران اور بلوچستان کے تشویشناک حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ایم کیوایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون،افتخار اکبر رندھاوا،واسع جلیل اور لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر شامل تھے۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال انتہائی خراب ہے،اندرونی وبیرونی خطرات منڈلا رہے ہیں،یہی موقع ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھیں،گفت وشنید کے ذریعے معاملات طے کریں اور کوئی راستہ نکالیں جس سے ملک کو ان بحرانوں سے نکالا جاسکے اور اس کیلئے ضروری ہے کہ قومی اتفاق رائے پیدا کر کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہوجائے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے بیشتر حصہ بدامنی کی لپیٹ میں ہیں اس مسئلہ کو اتنی آسانی سے یہ کہہ کر رد نہیں کیا جاسکتا کہ موجودہ صورتحال یہ صرف ایک جماعت کی ناکامی ہے بلکہ کسی بھی سیاسی جماعت کی کامیابی یا ناکامی کا سوال ہی پیدا نہیں ہے،سیاسی اور جمہوری عمل کو اس ترازو میں نہیں تولا جاسکتا کیونکہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ تمام جماعتوں کو ملکر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی کوشش کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ کئی ایشوز پر ہماری ایک جیسی سوچ ہے ہماری توقع ہے کہ بات چیت کا یہ عمل جاری رہنا چاہیے تاکہ پوری قوم کو یکجا کیا جاسکے،چاہے وہ حکومتی اتحادی جماعتیں ہوں،اپوزیشن کی جماعتیں ہوں یا پھر ایوان سے باہر کی جماعتیں ہو ان سب کو مل بیٹھنا ہوگا۔پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں جاوید ہاشمی اور مخدوم شاہ محمود قریشی نے ایم کیوایم کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جمہوریت اور پاکستان کو بچانے کے لئے جو قدم اٹھایا ہے وہ قابل تحسین ہے کیونکہ سیاست میں بات چیت کے دروازے بند نہیں ہوتے،بدقسمتی سے 25 سے 30 سال سے مسائل بڑھتے جارہے ہیں،مہنگائی انتہا تک پہنچ چکی ہے،بلوچستان کی صورتحال کافی تشویشناک ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے وفد نے جن ایشوز کو آج تحریک انصاف کے سامنے پیش کیا ہے حکومتی حلیف ہونے کے باوجود یہ قابل غور باتیں ہیں۔انہوں نے ملک میں توانائی بحران،معیشت کی زبوں حالی،بلوچستان کی صورتحال،عدلیہ کی آزادی پر ضرب لگانے اور اٹھارویں ترمیم،کیئر ٹیکر سیٹ اپ کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی طرح لاہور میں بھی بینک ڈکیتیاں اور بھتہ خوری عام ہوگئی ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ پاکستان کی آنیوالی نسل خوف کے سائے میں پل رہی ہے اور خوف کا یہ سایہ بہت خطرناک ہے ان تمام مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے ایک نیشنل ایجنڈا ہونا چاہیے تاکہ جو پارٹیاں برسر اقتدار آئیں وہ اس ایجنڈے پے قائم کریں اور ملک میں یہ قتل غارتگری بند ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے،ہمیں اس ملک کو امن کا گہوارہ بنانا ہے۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد تمام مسالک اور مذاہب کے درمیان امن وآشتی کے پیغام کو فروغ دینا ہے، ارکان رابطہ کمیٹی
## اورنگی ٹاؤن، قصبہ علیگڑھ، بلدیہ اور پاک کالونی سیکٹروں کے درمیان مقابلہ حسن قرات ونعت اور
## لائنزایریا سیکٹر، سوسائٹی سیکٹر اور سوسائٹی ریذیڈنیس کمیٹی کے زیراہتمام دعوت افطار کے شرکاء سے اظہار خیال

کراچی۔۔۔7اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیراہتمام نوجوانوں کے مابین حسن قرات ونعت خوانی کے مقابلوں اور معززین علاقہ کے اعزاز میں دعوت افطار کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور اس سلسلے میں حسن قرات ونعت خوانی کے مقابلے کا پول ڈی ویسٹ کا پروگرام اورنگی ٹاؤن بمقام سیکٹر E میں منعقد کیا گیا جس میں اورنگی ٹاؤن، قصبہ علیگڑھ، بلدیہ اور پاک کالونی سیکٹروں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس میں حسن قرات ونعت خواں نوجوانوں نے حصہ لیا اور بہترین نعت خوانی وثناء خوانی کا مظاہرہ کیا۔لائنزایریا سیکٹر اور سوسائٹی سیکٹر وسوسائٹی ریذیڈنیس کمیٹی کے زیراہتمام دعوت افطار منعقد کیا گیا جس میں معروف علمائے کرام، بزنس کمیونٹی کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، وسیم آفتاب، سیف یار خان، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان نے بھی شرکت کی۔ارکان رابطہ کمیٹی نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے مقابلے میں شریک ہونے والے قاری ونعت خواں نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس مقابلے میں شریک ہوکر اس محفل کو اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے پرنور کردیا اور اس پیاری محفل کو سجانے والے بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے ہمارے شہر کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کئے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو ابھاریں اور اپنے شہر اور ملک کا نام روشن کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی یہ ہدایت ہے کہ ایم کیوایم نوجوانوں کو معاشرے میں باعزت مقام دلانا چاہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ایم کیوایم کو جب جب موقع ملا ہے اس نے نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم کئے ہیں جس سے وہ اپنی مثبت صلاحتیوں کو بروئے کار لاسکیں اور آج کی یہ محفل اس بات کی گواہی دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد تمام مسالک اور مذاہب کے درمیان امن وآشتی کے پیغام کو فروغ دینا ہے یہی وجہ ہے ہماری تحریک روبروز عروج کی منازل کو تیزی سے حاصل کررہی ہے۔اس موقع پر کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی ودیگر نے بھی اظہار خیال کیا اور مقابلے میں شریک ہونے والے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی۔بعدازاں تقریب کے اختتام پر حسن قرات ونعت میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

## جناب الطاف حسین کا خطاب فکرانگیز ہی نہیں بلکہ تاریخی اور حقیقت پسندانہ ہے
## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں موصول ہونے والے پیغامات میں اظہار خیال

کراچی۔۔۔7،اگست2012ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جناح گراؤنڈ عزیزآباد میں منعقدہ دعوت افطار وڈنر کی تقریب کے شرکاء سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کا زبردست خیرمقدم کیا ہے اور اسے ملک کے موجودہ نازک ترین حالات میں فکرانگیز ہی نہیں بلکہ تاریخی، زمینی حقائق کے مطابق اور حقیقت پسندانہ خطاب قرار دیا ہے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد ٹیلی فون، فیکس اور ای میل پر پیغامات کا تانتا بندھ گیا جس میں پیغامات بھیجنے والوں نے جناب الطاف حسین کی جانب سے پاکستان کو بچانے کی کوششیں کرنے، ملک کا متحد ہوکر دفاع کرنے، اداروں کے درمیان محاذ آرائی کے خاتمے، بلوچ عوام میں پاکستانیت بیدار کرنے، ملک کے عوام کی پاک فوج اور پاک فوج کے ملک کے عوام سے رشتے، کراچی میں بھتہ خوری، پرچی مافیا، ان کی سرپرستی اور دہشت گردوں کے خلاف اور تاجروں کے تحفظ کیلئے کارکنان کی ایک لاکھ فوج دینے کے خیالات کو حب الوطنی کا وہ رشتہ قرار دیا جو وہ اپنے ملک سے ہزاروں میل دوری کے باوجود بخوبی اور مستحسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں۔پیغامات بھیجنے والوں میں تاجر، صنعتکار، دکاندار، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، صحافی، اینکر پرسنز، علمائے کرام، سیاسی وسماجی رہنما، پروفیسرز اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ملکی اور بیرون ملک مقیم فراد کی بڑی تعداد شامل ہے۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ پاکستان آج جن حالات اور خطرات میں گھیرا ہوا ہے اس جانب ارباب اختیار واقتدار، عوام اور مسلح افواج کی توجہ جناب الطاف حسین ہی مبذول کرارہے ہیں اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ جناب الطاف حسین ملک پر منڈلانے والے جن خطرات کی نشاندہی کررہے ہیں اسے مفاد پرست عناصر نظرانداز کررہے ہیں اور طرح طرح کی باتیں کررہے ہیں اور ایسے عناصر دراصل اپنے مفادات کی تگ ودو میں لگے ہوئے ہیں اور انہیں زمینی حقائق اور ملک پر منڈلانے والے خطرات اور چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے اپنے مفادات کی فکر لگی ہوئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جناب الطاف حسین نے 1971ء میں ملک کے دولخت ہونے کے موقع پر مسلح افواج، اس وقت کی حکومت، صحافیوں، اخبارات کی جانب سے جس منفی پروپیگنڈے کا ذکر کیا ہے اس میں کوئی دورائے

نہیں ہے اور ملک وقوم کو آج ایسی ہی نازک ترین صورتحال کا سامنا ہے اور مفاد پرست عناصر ملک پر منڈلانے والے خطرات سے منہ پھیر رہے ہیں اور قوم کو بھی گمراہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا شاہد ہے کہ ملک وقوم پر منڈلانے والے ایسے سنگین خطرات میں اندرونی طور پر سیاسی ، مذہبی جماعتوں کا متحد نہ ہونا خسارے کا سودا ہے اور جناب الطاف حسین اسی خسارے سے ملک وقوم کو نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور تمام افراد کو متحد و منظّم ہوکر حالات کا سامنا کرنے کی تلقین کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کا یہ خطاب تاریخی ہے اور اس میں ملک وقوم کے مسائل کا حل موجود ہے، اگر سب مخلصی اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہوکر جناب الطاف حسین کے خطاب کا جائزہ لیں تو اس میں سچائی اور حقیقت کے سوا کچھ نہیں ہے اور ایسی سچائی اور حقیقت بیان کرنے کے باوجود عقل وشعور سے کام لے کر فیصلے نہ کرنا حب الوطنی کے جذبے کے سراسر منافی ہوگا۔انہوں نے کہا کہ تاریخ شاید رہے گی کہ ملک پر منڈلانے والے سنگین خطرات سے قوم کو آگاہ کرنے میں جناب الطاف حسین نے اپنا فرض بھرپور انداز سے ادا کردیا۔

## جناب الطاف حسین نے خدمت خلق کے جذبے کا جو نمونہ پیش کیا وہ نا قابل فراموش ہے، بیرسٹر سلطان محمود
## قائد تحریک جناب الطاف حسین چاہتے ہیں کہ کشمیری عوام کو بھی ان کے جائز حقوق دیئے جائیں، رابطہ کمیٹی
## بیرسٹر سلطان محمود نے وفد کے ہمراہ خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔7اگست،2012ء

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے سابق وزیراعظم بیرسٹر سلطان محمود نے آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے وفد کے ہمراہ گزشتہ روز ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ سے متصل خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور شاہد لطیف سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست وفاقی وزیرمملکت ڈاکٹر ندیم احسان، آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزراء طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ بھی موجود تھے۔بیرسٹر سلطان محمود نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ہر دور میں کشمیریوں کے حقوق کی کھل کر حمایت کی ہے جس پر کشمیری عوام اور کشمیر کا ایک ایک بچہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکر گزار ہے۔انہوں نے کہا کہ 2005ء کے قیامت خیز زلزلے کے بعد قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خدمت خلق کے جذبے کا جو نمونہ پیش کیا وہ نا قابل فراموش ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان نے اس مشکل وقت و نامساعد حالات میں دن رات کشمیری عوام کی خدمت کی ہم اسے قدر کی نگاہ دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندہ گان کشمیر کی تعمیر و ترقی اور کشمیری عوام کی فلاح و بہبود کیلئے شب وروز کوشاں رہتے ہیں۔انہوں نے اپنے پُرجوش استقبال پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جناب الطاف حسین ہمارے بڑے بھائی ہیں انکی جانب سے دی جانے والی محبت کو کبھی نہیں بھول سکتے۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بیرسٹر سلطان محمود اور آزاد کشمیر سے آئے ہوئے وفد کو جناب الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام پاکستان کے دل کی دھڑکن ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین چاہتے ہیں کہ کشمیری عوام کو بھی ان کے جائز حقوق دیئے جائیں۔،انھوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنے دل میں بلاتفریق رنگ ونسل، زبان مذہب انسانیت سے محبت رکھتے ہیں اور ایم کیوایم کی سیاست خدمت خلق سے عبارت ہے۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے درمیان اتحاد اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنا ہے، نثار پنہور
## حق پرست صوبائی وزیر کا جزیرہ بھٹ شاہ سیکٹر کے جنرل ورکرز اجلاس سے اظہارِ خیال

کراچی:۔۔۔7،اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سلامتی پر منڈلاتے خطرات سے عوام کو آگاہ کرکے محبّ وطن رہنما ہونے کا ثبوت دیا ہے، اب تمام محبّ وطن پاکستانیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک کی سالمیت اور سلامتی کو لاحق خطرات کا متحد ہوکر مقابلہ کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جزیرہ بھٹ شاہ سیکٹر کے جنرل ورکرز اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد سلیم جوکھیو، اراکین کمیٹی، بابا بھٹ شاہ، صالح آباد، شمس پیر، کاکا، منوڑہ جزائر میں رہائش پذیر سندھی وکچھی معززین واکابرین، بھٹ شاہ سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ وطن عزیز اس وقت انتہائی خطرناک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کے سیاستدان اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے غریب ومظلوم عوام کو متحد کررہے ہیں اور ملک کے دفاع میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک میں بسنے والی

تمام قومیتوں مکاتب فکر اور مذاہب کے درمیان اتحاد اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنا ہے، سیاسی، سماجی اور مذہبی اکابرین اور ارباب اختیار خواب غفلت سے بیدار ہو جائیں اور وطن عزیز کی سلامتی، ملکی وحدانیت کو برقرار رکھنے کیلئے اپنے آپس کے اختلاف بھلا کر متحد جدوجہد کریں اور ملک کی بقاء وسلامتی کے آگے سیسہ پلائی دیوار کا کردار ادا کریں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔7، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137 کے کارکن عبدالباقی، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن قربان جیلانی کی ہمشیرہ عصمہ جلیل، کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن خلیل احمد کے والد اُمید احمد، لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 ے کارکن راج محمد کے بھائی تاج محمد، لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن محمود احمد کے بھائی بابر احمد اور ایم کیوایم دادو زون یونٹ جوہی کے انچارج عبدالرزاق کے زوجہ محترمہ عبدالرزاق لغاری کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے وفد کی PRC ڈائریکٹر سول اسپتال گوجرانوالہ، نائب صدر انجمن بہبود مریضاں گوجرانوالہ سلیم شاہد ملک سے ملاقات

گوجرانوالہ:۔۔۔7، اگست 2012ء

ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے وفد کی PRC ڈائریکٹر سول اسپتال گوجرانوالہ، نائب صدر انجمن بہبود مریضاں گوجرانوالہ سلیم شاہد ملک سے ملاقات کی وفد میں زونل انچارج عابد گجر، زونل جوائنٹ انچارج عدنان حمید، سیکریڑی فنانس رانا افتخار احمد، سیکریڑی نشر واشاعت رانا ساجد، ممبر ضلعی کمیٹی رانا عبدالرحمٰن موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اگر کوئی اس وقت ملک کے حالات ٹھیک کرسکتا ہے تو صرف اور صرف قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ہی ہے اس موقع پر شاہد ملک کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کے پیغام سلامتی ویکجہتی پاکستان کے بارے میں بھی بتایا گیا تو انہوں نے کہا کہ میں الطاف حسین کی ان تمام باتوں سے مکمل اتفاق کرتا ہوں انہوں نے مزید کہا کہ اگر بلوچستان کے بلوچی بھائیوں کی شرائط مان بھی لی جائیں تو اس میں ہرج بھی کوئی نہیں کیونکہ بلوچی بھی ہمارے پاکستانی بھائی ہیں جتنا پاکستان ہم کو پیارا ہے اتنا ہی بلوچستان کے لوگوں کو بھی لیکن ہمارے ہی کچھ لوگوں کی کچھ نادانیوں اور غلطیوں نے ان کو آج پاکستان سے علیحدہ ہونے کی بات کرنے پر مجبور کر دیا ہے ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ اگر ان کی جائز باتوں کو مان لیا جائے تو وہ کبھی بھی ایسی بات نا کریں گے اور اگر وہ ایسی بات کر بھی رہے ہیں تو کہیں نا کہیں ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے جس نے ان کو ایسی باتیں کرنے پر مجبور کر دیا ہے اگر ہم پاکستان کی سلامتی اور بقاء چاہتے ہیں تو ہمیں ان کی باتوں کو سنجیدگی سے سننا ہوگا اور ان کی جائز شکایات کو فوری دور بھی کرنا ہوگا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کی حفاظت وبقاوسلامتی کیلئے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تقلید وقابل ستائش ہے

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان

حیدرآباد۔۔۔07اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قائدتحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور نظریئے کی روشنی میں اس ملک میں گذشتہ 65 سالوں سے رائج فرسودہ وجاگیردارانہ نظام کو بدلنا چاہتی ہے تاکہ اس ملک کے غریب ومظلوم اور زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے محروم عوام کو یکساں حقوق حاصل ہوں اور وہ آزادی کیساتھ اپنی زندگی بسر کرسکیں اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملک کے 98 فیصد عوام 2 فیصد ظالم وجابر جاگیرداروں وڈیروں اور سرداروں کے خلاف متحد ومنظّم ہو کر اپنے غضب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کریں. انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین وہ واحد رہنما ہیں جنھوں نے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں پر بیانگ دہل آواز حق بلند کی ہے اور وہ ظالم وجابر جاگیرداروں وڈیروں اور سرداروں کے سامنے سیٔسہ پلائی دیوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پاکستان کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام کی اشد ضرورت ہے اور اس پرعمل کر کے ہی وہ ظالمانہ وجابرانہ نظام سے نجات حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے بلاتفریق لوگوں کی خدمت کی اور آج بھی ملک بھر کے تمام غریبوں کو متحد ومنظّم کرکے ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کا مظاہرہ کررہیں ہے انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے پاکستان کی حفاظت وبقاوسلامتی کیلئے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تقلید وقابل ستائش ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی تعزیت

حیدرآباد۔۔۔07اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے متحدہ لیبر ڈویژن یونٹ PHDE کے ورکنگ کمیٹی ممبر نجم الدین اورسیکٹرسی یونٹ 18/B کے جوائنٹ یونٹ انچارج خالد نظام سے انکے والد بزرگواراورایم کیوایم حیدرآباد زون کے شعبہ نشرواشاعت آفس سیکٹریڑی زاہد شیخ سے انکی بہن کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ ورنج اوردلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات کو بلند فرمائے اورنجم الدین، خالد نظام اورزاہد شیخ سمیت تمام سوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## ایم کیوایم کی جدو جہد فرد واحد یا چند افراد کے مفادات کیلئے نہیں ہے ،سیّد محمد علی شاہ

## ٹنڈوالہ یارزون کے انچارج کا یونٹ A-4 کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔07اگست2012ء

ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون کے انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدو جہد فرد واحد یا چند افراد کے مفادات کے لئے نہیں بلکہ ملک بھر کی مظلوم ومحروم عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے یونٹ A-4 کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم،اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم،محمد علی قریشی اور بابواحمد راجپوت بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر کی عوام اب اس حقیقت سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں کہ ایم کیو ایم کا نظریہ حق اور سچ پر مبنی ہے۔اورمتحدہ قومی موومنٹ ہی ملک بھر کی غریب اور مظلوم عوام کوانکے تمام تر جائز حقوق دلانے میں اہم کردارادا کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک کی سلامتی وبقاء کو یقینی بنانے کے لئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی۔تاکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوسکے اوراٹھانوے فیصد غریب اور متوسط طبقے کی حقیقی حکمرانی قائم ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک کے کونے کونے میں تیزی کے ساتھ پھیل رہاہےاورتمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد جوق درجوق ایم کیوایم کی جدو جہد کا حصہ بن رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆